57

# سرینگر ٹائمز

بانی صوفی غلام محمد

جلد نمبر 57 | Saturday 23rd August 2025 | ۲۳ اگست ۲۰۲۵ بروز سنیچر وار بمطابق ۲۸ صفر ۱۴۴۷ | صفحات : 08 | No. 229 | Vol: 57 | R.N.I: 17647/69 | DAILY SRINAGAR TIMES | قیمت 5 روپے | www.srinagartimes.net




### اگرکر کے معاہدے میں توسیع

ہندوستانی کرکٹ کنٹرول بورڈ (بی سی سی آئی) نے چیف سلیکٹر اجیت اگرکر کے معاہدے میں توسیع کردی ہے۔رپورٹ کے مطابق وہ جون ۲۰۲۶ تک اس عہدے پر برقرار رہیں گے۔ تاہم، بی سی سی آئی کی جانب سے اس معاملے پر ابھی تک کوئی باضابطہ بیان سامنے نہیں آیا ہے۔ (تفصیلات اندر)



### کرگیوس نے سنگلز سے نام واپس لیا

اسٹار نک کرگیوس مسلسل تیسرے سال یو ایس اوپن میں شرکت نہیں کریں گے۔ ٹورنامنٹ کے منتظمین نے جمعرات کو ان کی دستبرداری کی تصدیق کی۔ ۳۰ سالہ کرگیوس پچھلے کچھ برسوں سے پاؤں، گھٹنے اور کلائی کی چوٹوں سے نبرد آزما ہیں۔ انہوں نے اس سیزن میں صرف پانچ سنگلز میچ کھیلے ہیں، ان میں سے چار میں شکست کا سامان کرنا پڑا ہے۔ (تفصیلات اندر)

## سرکاری اُستاد اور اسسٹنٹ سٹاک مین ملازمت سے برطرف

### دہشت گرد سرگرمیوں میں ملوث ہونے کا الزام، تفتیش کے دوران اسلحہ ضبط

سرینگر/ کے این ایس/ جموں وکشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے جمعے کو 2 مزید سرکاری ملازمین کو برطرف کر دیا ہے۔ دونوں پر دہشت گردی سے متعلق سرگرمیوں میں ملوث ہونے کا الزام ہے۔اس طرح سے اب تک ایل جی انتظامیہ جموں وکشمیر کی جانب سے80 ملازمین کو نوکریوں سے برخواست کیا گیا ہے۔ کشمیر نیوز سروس کے مطابق اس ضمن میں جاری کیے گئے حکم نامے کے مطابق معطل شدگان میں خواجہ خورشید احمد راتھر، جو پیشے سے ٹیچر ہے اور سیاد احمد خان، جو محکمہ پشو پالن میں اسسٹنٹ اسٹاک مین کے طور پر کام کر رہے تھے، شامل ہیں۔ دونوں کا تعلق شمالی کشمیر کے ضلع کپوارہ سے ہے۔حکم نامے میں کہا گیا ہے کہ لیفٹیننٹ گورنر نے دستیاب معلومات اور حقائق کا جائزہ لینے کے بعد اطمینان ظاہر کیا کہ ان کی سرگرمیاں برطرفی کے قابل ہیں۔ آئین ہند کے آرٹیکل 311 کی شق 2 کے تحت ایل جی کو یہ اختیار حاصل ہے کہ ریاست کی سلامتی کے پیش نظر انکوائری کے بغیر ملازمین کو نوکریوں معطل کر سکے۔ پچھلے چھ برسوں میں اب تک لگ بھگ 80 سرکاری ملازمین کو اسی آئینی شق کے تحت ایل جی نے نوکریوں سے برطرف کیا ہے۔ایل جی انتظامیہ کا دعویٰ ہے کہ یہ افراد مبینہ طور پر ''ملک مخالف سرگرمیوں'' میں ملوث تھے ایک اہلکار نے بتایا کہ خورشید احمد راتھر (KAR) کو 2003 میں سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ میں رہبر تعلیم کے طور پر سرکاری ملازمت میں تعینات کیا گیا تھا اور 2008 میں ان کی بطور ٹیچر پرمنٹ/8

## سرکاری ملازمین، انجینئرز، ڈاکٹرز، سائنسدان، ٹیکنوکریٹس انتظامیہ کی ریڑھ کی ہڈی/LG

### ان کی غیر جانبداری، دیانتداری، کارکردگی اور بے خوفی ہمارا سب سے قیمتی اثاثہ ہے

سرینگر/ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے آج سری نگر میں ایک تقریب میں سینٹر فار انوویشنز ان پبلک سسٹمز (CIPS) ایوارڈز کے فاتحین کو مبارکباد دی۔ لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ "سرکاری ملازمین، انجینئرز، ڈاکٹرز، سائنسدان، ٹیکنو کریٹس انتظامیہ کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں۔ ان کی غیر جانبداری، دیانتداری، کارکردگی اور بے خوفی ہمارا سب سے قیمتی اثاثہ ہے۔ مجھے فخر ہے کہ ایک ٹیم کے طور پر، انہوں نے عوام کی خدمت کے لیے کام کیا اور قوم کی تعمیر میں اپنا حصہ ڈالا،"۔ لیفٹیننٹ گورنر نے اس بات پر روشنی ڈالی کہ عزت مآب وزیر اعظم جناب نریندر مودی کی قیادت نے ایک مضبوط بنیاد رکھی ہے، جس کے نتیجے میں جدید طرز حکمرانی کے اقدامات شروع ہوئے ہیں اور حکومت کو لوگوں کی ضروریات کے لیے زیادہ حساس بنایا ہے۔ "وزیر اعظم کے منتر' کم سے کم حکومت، زیادہ سے زیادہ حکمرانی' نے شہریوں کی زندگی میں آسانی پیدا کی ہے اور عوامی خدمات کی بغیر کسی رکاوٹ کے فراہمی کو یقینی بنایا ہے۔




آج ہندوستان نہ صرف دنیا کی سب سے تیزی سے ترقی کرنے والی معیشت ہے، بلکہ سب سے بڑی معیشتوں میں اس کا مستقبل بلاشبہ روشن ہے۔ لیفٹیننٹ گورنر نے عہدیداروں پر زور دیا کہ وہ پالیسی کی کارکردگی کو بہتر بنانے، پیچیدہ چیلنجوں کا انتظام کرنے اور غیر متوقع مستقبل میں آنے والی تباہ کن تبدیلیوں کو مؤثر طریقے سے حل کرنے پر کام کریں۔ "عوام کی آواز حکومتی پالیسی کی روح ہونی چاہیے، اسی لیے پالیسیاں اب دفاتر میں نہیں بنائی جا سکتیں۔ پالیسی سازی شہریوں کی تجاویز اور ضروریات کو مدنظر رکھ کر کی جانی چاہیے۔ایک فائل کاغذ کے ایک ٹکڑے سے/7

## ڈمپر اور لوڈ کیریئر کے ٹکراو سے باپ بیٹا موقعہ پر جان بحق

بارہمولہ/ جے کے این ایس/ شمالی کشمیر کے بارہمولہ ضلع میں اوڑی کی جانب جانے والی قومی شاہراہ پر راجروانی کے مقام پر جمعہ کو ایک سڑک حادثے میں باپ بیٹے کی موت واقعہ ہوگئی۔ حکام نے بتایا کہ جمعہ کو ایک ڈمپر گاڑی زیر نمبر JK05L-4505 اور لوڈ کیریئر کے درمیان تصادم ہوا جس کے نتیجے میں لوڈ کیریئر پر سوار باپ بیٹے کی موقع پر ہی موت ہوگئی۔اس المناک حادثے میں جاں بحق ہونے والوں کی شناخت لطیف احمد گنائی اور فیضان احمد گنائی ساکن گرکوٹ اوڑی/1




## اب کوئی دشمن سزا سے بچ نہیں پائے گا/ وزیر اعظم مودی

### پاکستان کا ایک میزائل بھی ہمیں کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا ہے

سرینگر/ جے کے این ایس کے مطابق بہار کے گیا میں ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم مودی نے پہلگام حملے کے بعد ریاست کے اپنے پہلے دورے کو یاد کرتے ہوئے کہا کہ بہار چانکیہ اور چندر گپت موریہ کی سرزمین ہے، بہار ہر دور میں ملک کی ریڑھ کی ہڈی کے طور پر کھڑا رہا ہے۔اس پاک سرزمین پر کیا گیا ہر عزم ملک کی طاقت ہے اور ضائع نہیں ہوتا۔ انہوں نے کہا کہ جب پہلگام دہشت گردانہ حملہ ہوا تو میں نے اس سرزمین سے دہشت گردوں کو خاک میں ملانے کا عزم کیا تھا۔ دنیا نے عزم کو پورا ہوتے دیکھا ہے۔وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ پاکستان ہم پر ڈرون اور میزائلوں سے حملہ کر رہا تھا لیکن بھارت پاکستان کے میزائلوں کو ٹہنیوں کی طرح ہوا میں بکھیر رہا تھا، پاکستان کا ایک میزائل بھی ہمیں کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا۔انہوں نے کہا کہ آپریشن سندور نے بھارت کی دفاعی پالیسی کی ایک نئی لکیر کھینچی ہے، جس سے یہ مضبوط پیغام گیا ہے کہ کوئی بھی دشمن سزا سے بچا نہیں رہے گا۔ وزیر اعظم مودی نے کہا کہ چاہے دہشت گرد جہنم کی گہرائیوں میں چھپے ہوں، ہندوستان کے میزائل ان کا سراغ لگا کر انہیں ختم کر دیں گے۔ جیسے ہی انہوں نے بہار میں 13000 کروڑ روپے کے متعدد ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح اور سنگ بنیاد رکھا، وزیر اعظم مودی نے کہا کہ ڈبل انجن والی حکومت ترقی کے لیے مسلسل کام کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ڈبل انجن والی حکومت گیا جی کی ترقی کے لیے لگاتار کام کر رہی ہے۔ گیا جی کی مقدس سرزمین میں ایک ہی دن میں 13000 کروڑ روپے کے پروجیکٹوں کا افتتاح کیا گیا یا ان کا سنگ بنیاد رکھا گیا، ان میں توانائی، ترقی اور صحت سے متعلق کئی بڑے منصوبے شامل ہیں۔اس سے بہار کی صنعتوں کو تقویت ملے گی اور بہار کے نوجوانوں کے لیے روزگار/2




## چند ہفتوں کے دوران، چین کے ساتھ ہمارے تعلقات بہتر ہو رہے ہیں

### امید ہے کہ چین بھی ہماری خیر سگالی کا بدلہ دے گا/ فوجی سربراہ



سرینگر/ سی این آئی / پاکستان اور چین کے درمیان تعلقات میں بہتری کو خوش قسمتی قرار دیتے ہوئے سابق فوجی سربراہ ایم ایم نروانے نے کہا کہ ہمیں امید ہے کہ چین بھی ہماری خیر سگالی کا بدلہ دے گا، جیسا کہ ہم آگے بڑھیں گے۔سی این آئی کے مطابق فوج کے سابق سربراہ جنرل ایم ایم نروانے (ریٹائرڈ) کا کہنا ہے کہ یہ خوش قسمتی ہے کہ ہندوستان اور چین کے تعلقات میں بہتری آ رہی ہے۔سابق آرمی چیف نے مزید کہا کہ دونوں ممالک نے ہماری مصروفیات اور تعلقات کی بہتری کیلئے سیاسی، سفارتی اور عسکری سطح پر متعدد اقدامات کا اعلان کیا ہے۔ ہندوستان اور چین نے سرحد پر امن کی توثیق کی ہے، تجارت کو دوبارہ کھولا ہے، سرمایہ کاری کے بہاؤ کو فروغ دیا ہے، اور جلد از جلد براہ راست پروازوں کا رابطہ بحال کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ خوش قسمتی ہے کہ گزشتہ چند ہفتوں/6

## 66.77 کروڑ روپے کی غیر منقولہ جائیداد عارضی طور پر ضبط

### منی لانڈرنگ کے ایک معاملہ پر انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ کی کارروائی

سرینگر/ سی این آئی/ منی لانڈرنگ کیس کے سلسلے میں کارروائی کو تیز کرتے ہوئے انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ جموں سب زونل آفس نے 66.77 کروڑ روپے کی غیر منقولہ جائیداد کو عارضی طور پر ضبط کیا۔انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ جموں سب زونل آفس نے منی لانڈرنگ کیس میں 66.77 کروڑ روپے کی غیر منقولہ جائیداد کو عارضی طور پر ضبط کیا ہے۔ ایجنسی کی جانب سے جاری کردہ بیان کے مطابق ''ڈائریکٹوریٹ آف انفورسمنٹ جموں سب زونل آفس نے بھارت پیپرز لمیٹڈ کے معاملے میں 66.77 کروڑ روپے (تقریباً) مالیت کی متعدد غیر منقولہ جائیدادوں کو منی لانڈرنگ ایکٹ (پی ایم ایل اے) 2002 کے تحت عارضی طور پر ضبط کیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ای ڈی نے سی بی آئی، اے سی بی، جموں کی طرف سے بھارت پیپرز لمیٹڈ اور اس کے ڈائریکٹرز یعنی انیل کمار، پروین کمار، بلجیندر کمار، اور راجندر کمار، آنجہانی جگدیش چندر کے بیٹوں کے خلاف اسٹیٹ بینک آف انڈیا کی قیادت میں بینکوں کے ایک کنسورشیم کو دھوکہ دینے کے لیے درج کی گئی ایف آئی آر کے بعد اپنی تحقیقات شروع کی۔ای ڈی کی تحقیقات سے/4

## جب تک ہندوستان عروج پر نہیں پہنچ جاتا ہے تب تک

### کسی کو آرام کرنے کا حق نہیں ہے/ وزیر داخلہ امیت شاہ

سرینگر/ جے کے این ایس/ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے جمعہ کو کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں بھارت کی معیشت تیزی سے آگے بڑھی ہے اور ملک کے لوگوں پر زور دیا کیا کہ ملک کو دنیا کے ہر شعبے میں سرفہرست لے جانے کیلئے اپنی پوری کوشش کریں۔ جے کے این ایس کے مطابق کیرالہ کے شہر کوچی میں منورما نیوز کانکلیو 2025 کا افتتاح کرنے کے بعد خطاب کرتے ہوئے، مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے موجودہ حکومت کے ریکارڈ کو سابقہ انتظامیہ کے ریکارڈ سے مقابلہ کرتے ہوئے کہا کہ ہندوستان طویل عرصے سے معاشی عدم استحکام کا شکار رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ شری اٹل بہاری واجپائی کی قیادت کے دوران ہندوستان کی معیشت 11 ویں نمبر پر رہی۔ کانگریس حکومت نے اپنے 10 سالوں میں صرف ایک اچھی چیز سنبھالی کہ انہوں نے اسے/3



## جموں وکشمیر میں سٹیٹ ہڈ کی واپسی کیلئے پارلیمنٹ کے تازہ اجلاس پر آس لگائے بیٹھے تھے مگر

### جو توقعات تھیں وہ پوری نہ ہو سکیں، اب ہمیں تھوڑی جدوجہد کرنے کی ضرورت ہے/ عمر عبداللہ




جموں/ مانسون سیشن میں جموں وکشمیر کو ریاست کا درجہ بحال کرنے کی امیدوں کے ساتھ، وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جمعہ کو کہا کہ جدوجہد یہاں سے نئے سرے سے شروع ہوتی ہے۔ عبداللہ نے یہاں ایک تقریب کے موقع پر نامہ نگاروں سے کہا کہ اب چھوڑو، امید ختم ہوگئی، پانی پار ہو گیا، ہم یہاں سے اپنا عمل شروع کریں گے۔ ہمیں امید تھی کہ اس کی ضرورت نہیں رہے گی، جو وعدے ہم سے کیے گئے تھے، ان پر عمل کیا جائے گا۔ نیشنل کانفرنس لیڈر نے کہا "ٹھیک ہے، اگر ہمیں تھوڑی جدوجہد کرنے کی ضرورت ہے، تھوڑی محنت کرنی پڑے گی ... جو ہم اپنی طرف سے کریں گے،" چیف منسٹر نگروٹا میں سینک اسکول کے 56 ویں اسکول کے یوم تاسیس میں شرکت کر رہے تھے اور انہوں نے ترویني گرلز ہاسٹل کا افتتاح کیا۔انہوں نے مرکز پر یہ بھی الزام لگایا کہ وہ وزیر اعظم، وزرائے اعلیٰ اور وزراء کے بارے میں تین مجوزہ بلوں کو سیاست دانوں کو چن چن کر نشانہ بنانے کے لیے استعمال کرنا چاہتی ہے۔انہوں نے کہا"۔ ابھی تک جتنے بھی مقدمات درج ہوئے اور جن میں گرفتاریاں ہوئیں، ان میں صرف اپوزیشن کے ارکان کو نشانہ بنایا گیا، اگر یہ قدم واقعی کرپشن کے خاتمے کے لیے اٹھایا جا رہا ہے، تو 2014 کے بعد سے حکومتی کاموں پر کیا اثرات مرتب ہوئے؟" انہوں نے زور دے کر کہا" کوئی بھی قانون فطری طور پر برا نہیں ہوتا - کسی قانون کا غلط استعمال ہی اسے غلط بناتا ہے،" انہوں نے کہا "میں بی جے پی میں اپنے دوستوں کو صرف ایک چیز یاد دلانا چاہتا ہوں- وہ ہمیشہ اقتدار میں نہیں/9

## تیجس طیارے کو ہندوستان کے دفاعی سفر میں ایک سنگ میل/ راج ناتھ سنگھ

### عالمی سرمایہ کاروں کو ہندوستان کے دفاعی مینوفیکچرنگ سیکٹر میں شامل ہونے کی دعوت دی

سرینگر/ سی این آئی/ بھارت کا اگلا مشن پانچویں نسل کے لڑاکا طیارے ہیں جن میں گھریلو ساختہ انجن ہیں کا اعلان کرتے ہوئے وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا کہ عالمی معیشت میں ہندوستان کی پوزیشن اسے رکاوٹ کے وقت استحکام فراہم کرنے کی صلاحیت فراہم کرتی ہے۔انہوں نے کہا کہ آج جب بہت سے ممالک عالمی سپلائی چین میں خلل سے نمایاں طور پر متاثر ہیں، ہندوستان عالمی سپلائی چین کو مضبوط بنا سکتا ہے۔ سی این آئی کے مطابق وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ ہندوستان کا تیجس لڑاکا طیارہ جدید دفاعی نظام کو ڈیزائن اور بنانے کی ملک کی بڑھتی ہوئی صلاحیت کی نمائندگی کرتا ہے۔ دہلی میں ای ٹی ورلڈ لیڈرس فورم میں خطاب کرتے ہوئے انہوں نے سپلائی چین کو مستحکم کرنے میں ہندوستان کے کردار پر زور دیتے ہوئے دیسی لڑاکا طیاروں، اے آئی اور سیمی کنڈکٹرز میں پیش رفت پر روشنی ڈالی۔ سنگھ نے عالمی سرمایہ کاروں کو ہندوستان کے دفاعی مینوفیکچرنگ سیکٹر میں شامل ہونے کی دعوت دی اور دلیل دی کہ یہ ملک مساوات، تعاون اور مشترکہ خوشحالی پر مبنی منصفانہ عالمی نظام کی رہنمائی کے لیے منفرد مقام رکھتا ہے۔ وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے تیجس طیارے کو ہندوستان کے دفاعی سفر میں ایک سنگ میل قرار دیا۔ انہوں نے کہا" ہمارا تیجس طیارہ ہندوستان کی مقامی دفاعی صلاحیتوں کی ایک شاندار مثال بننے کے لیے تیار ہے۔ایسا نہیں ہے کہ ہمیں اس کوشش میں چیلنجز کا سامنا نہیں ہے، لیکن ہم نے عزم کیا ہے کہ ہم ہر مسئلے کا حل تلاش کریں گے اور یقینی طور پر ہندوستان میں لڑاکا طیارہ بنانے کی مکمل صلاحیت قائم کریں گے''۔



## ایران میں مختصر علالت کے بعد جاں بحق ہوئی کشمیری طالبہ کی نعش

### آخری رسومات کیلئے آج سرینگر واپس پہنچائی جائے گی

سرینگر/ سی این آئی/ ایران میں مختصر علالت کے بعد جاں بحق ہوئی کشمیری طالبہ کی نعش آج یعنی سنیچر وار کو وادی واپس لائی جا رہی ہے۔ کشمیری ایم بی بی ایس کی طالبہ سبا رسول، جن کا حال ہی میں ایران میں انتقال ہوا تھا، کی میت آج صبح یعنی سنیچر وار کو سرینگر واپس لائی جائے گی۔آل انڈیا میڈیکل اسٹوڈنٹس ایسوسی ایشن کے نائب صدر ڈاکٹر محمد مومن خان نے بتایا کہ ان کی میت کو شام 5 بجے مہان ایئر کی پرواز کے ذریعے نئی دہلی پہنچ گئی اور وہاں سے ان کی باقیات کو وادی پہنچانے کے انتظامات کیے گئے ہیں۔ صفاکدل سرینگر سے تعلق رکھنے والی سبا رسول کی رہائش گاہ پر آج صبح ان کی میت پہنچائی جائے گی، جہاں ان کی آخری رسومات ادا کی جائیں گی۔اس کے بے وقت انتقال کی خبر نے اس کے علاقے میں اداسی کی لہر دوڑائی ہے، رشتہ داروں، دوستوں اور پڑوسیوں کے ان کی آخری تعزیت کے لیے جمع ہونے کی توقع ہے۔

## جماعت اسلامی اور فلاح عام ٹرسٹ سے ''وابستہ'' 215 سکولوں کا انتظام

### حکومت نے اپنے ہاتھ میں لیا ہے، معیار تعلیم کو برقرار رکھنے کے اقدامات کا عزم

سرینگر/ جموں وکشمیر حکومت نے جمعہ کو کالعدم جماعت اسلامی اور اس کی ملحقہ فلاح عام ٹرسٹ سے مبینہ طور پر وابستہ 215 اسکولوں کی انتظامی کمیٹیوں کو اپنے قبضے میں لینے کا حکم دیا۔2025 کے گورنمنٹ آرڈر نمبر 578-JK(Edu) کے مطابق، یہ فیصلہ انٹیلی جنس ایجنسیوں کی منفی رپورٹوں کے بعد کیا گیا ہے جس میں ان اسکولوں کی نشاندہی کی گئی ہے کہ وہ کالعدم تنظیم سے براہ راست یا بالواسطہ طور پر منسلک ہیں۔ عہدیداروں نے کہا کہ ان کی موجودہ انتظامی کمیٹیوں کی میعاد یا تو ختم ہو چکی تھی یا منفی طور پر رپورٹ کی گئی تھی۔ حکومت نے متعلقہ حکام کو اس بات کو یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے کہ ان اداروں میں داخلہ لینے والے طلباء کا تعلیمی مستقبل کسی بھی طرح متاثر نہ ہو۔ ضلع مجسٹریٹس، محکمہ سکول ایجوکیشن کے ساتھ مشاورت میں، قومی تعلیمی پالیسی (این ای پی) کے اصولوں کے مطابق معیار تعلیم کو برقرار رکھنے کے لیے ضروری اقدامات/5

## دو مشتبہ نوجوانوں کی نقل وحرکت کے بعد کٹھوعہ میں تلاشی تیز

### جنگلی علاقوں میں بھی ممکنہ فرار ہونے کے راستوں پر پہرے بٹھا دئے گئے

جموں/ یو این آئی/ جموں وکشمیر کے ضلع کٹھوعہ میں مشتبہ افراد کی نقل وحرکت کے بعد سیکورٹی فورسز نے بڑے پیمانے پر تلاشی مہم شروع کی ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ جمعرات کی شب کٹھوعہ کے جکھول علاقے میں دو مشتبہ افراد کو دیکھا گیا، جس کے بعد جمعہ کی صبح سیکورٹی فورسز نے راج باغ کے جُتھلیا علاقے کو محاصرے میں لے کر ملی ٹینٹ مخالف آپریشن شروع کیا۔ مقامی ذرائع نے بتایا کہ سیکورٹی فورسز نے رہائشی علاقوں کے ساتھ ساتھ جنگلی علاقوں میں بھی ممکنہ فرار ہونے کے راستوں پر پہرے بٹھا دئے ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اگرچہ ابھی تک کسی گرفتاری یا برآمدگی کی تصدیق نہیں ہوئی ہے، تاہم علاقے میں تلاشی مہم پوری سنجیدگی اور احتیاط کے ساتھ جاری ہے۔ سکیورٹی فورسز جدید ہتھیاروں اور ڈرونز کی مدد سے علاقے کی نگرانی کر رہی ہیں تاکہ کسی بھی ممکنہ خطرے کو ٹالا جا سکے۔ اس سلسلے میں مزید تفصیلات کا انتظار ہے۔

